Acc. 4133

Acc. no = 4133

Acc. 4133

انتھے قربان او شمس الضحیٰ پر
کرین جیون جان پروانے عاشق شمع پر
خلافت کے تخت کا شاہ والا
انتھے بو بکر یون صدیق اعلا

درنعت حضرت عمرؓ

قریشی ہاشمی جن کا لقب ہی — سمجھ دل مین یقین محبوب رب ہی
محمد مصطفےٰ مالک ہین دارین — سبب جنکے کیا ایجاد کونین
رکھا ہی اُنکے سر پر چتر لولاک — کرایا سیر جنکو پلمین افلاک
دیکھا قطرے نے وحدت کا سمندر — ملا اسمین ہوا وہ نور انور
احد سے جا ملا احمد ہوس کر — وصل مین لب کو رکھ ہاں کہنے بلکر
دو مژگان چشم کے ہمدم کئے تھے — کئی بولی ستی بھر کر بھرے تھے
پچھانا جنے اُس نور الہدا کو — یقین سمجھو پچھانا وہ خدا کو
سو جنکے واسطے دنیا و دین کو — دیا ہی بھیج ختم المرسلینؐ کو
جفا پائے انھو نے ظلم سہے — کہے یالیت لم یخلق محمدؐ
ستون شرع اونکے کرد یا چار — ابا بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ شہ اسوار
نبوت کے نکل گلشن سے اب وو — ثنا خوانی کا لے گل ہاتھ محمود
اپنا صلوات کہہ ہر آن ہر دم — بروح پاک آن سالار عالم

درنعت صدیق اکبرؓ

نبیؐ اپنا دین گوہر فشان کر — کہے یون جنکے تئین صدیق اکبرؓ
نبیؐ کے خاص تھے اعلاوہ سبہین — مقرب یار تھے اہل عرب مین
کئے وہ خانمان حضرت پہ بلہار — ہوئے او نور ایمان کے خریدار

درنعت حضرت عثمانؓ

درنعت حضرت مرتضےٰؓ

ARSHI LIBRARY Nampally Hyd-A.P.
J & K ACADEMY LIBRARY SRINAGAR Acc. No. 1095 Date of Purchase Price

مجلس اول

در نعت شاعر گوید

اکھاڑے باب خیبر زور سون زود — گئے تھے کفر کو سب نیست و نابود
دیکھو او تاجدار ہل اتی کا — بنی عم تھا دیکھو او مصطفےٰ کا
کہے تھے جسکو سلطان زمانہ — بھرے اسرار کا یہہ ہی خزانہ
ولیان ہین اونکو دیکھو سرور ہے — خدا کن اونکو دیکھو بہتری ہے
خدا سے جسکو ہے کشف و کرامت — نکاح ہین اونکے ہی خاتون جنت
دیکھو قوت مینے او بہلی ہی — کہے ہین لا فتا الا علی ہی
اپسکے صدق سے ان دل سون کہو تم — تر ضوا عنہم رضی اللہ عنہم
کہون اب مدح خاتون قیامت — گل و ریحان بستان رسالت
ولایت کے گگن پر مشتری ہے — شرافت کے قطب کی گلسری ہے
جسے کہے بضعۃ منی پیمبر — شفیع عاصیان فی یوم محشر
خدا نے لطف سون بہی پرورش کر — دیا مولا علی سا جن کو شوہر
شکم سون جنکے دونون چاند او سورج — ہوئے دو فرض ظاہر نور پر نور
حسن مخزن کرامت شاہ مظلوم — حسین پاک باطن شاہ معصوم
رضا پر دونون راضی ہوکے شہزاد — نبوت کے چمن کے سرو آزاد
طفیل فاطمہ خاتون جنت — میرا کر خاتمہ بے مژدہ منت
رضا لے اب یہان سے زود محمود — کہ تا پاویگا اپنے دلکا مقصود

تلازم روضۃ الشہدا کا مالی / فراست کے کیا گلشن کو خالی
مجھے کان ہی سکت اُسکے برابر / جو بولون شعر تازہ اس برابر
ولے مجھ حکم سو نین ہو کے لاچار / کہتا ہون ای میرے دلبند دلدار
جو کوئی اسکو پڑھیگا سے سراسر / دعائے خیر سون کر یاد آخر
اگر واقع رہیگا سہو یک تِل / قلم سون ثبت کر مردِ مکمّل
ختم کر یہان ستی محمود اب زود / خدا بر لائیگا تجھ دل کا مقصود

مجلسِ اوّل

قلم ہو مجلسِ اوّل مین شاطر / چلا میدان مین کاغذ پہ کھہ سر
تو لدبولنا اوّل ہی لازم / کہ تا زینت مین آوے یہ تلازم
کہ یکدن مصطفےٰ ساقیِ کوثر / کہ تھے یاران ستی مجلس کے اندر
گویا فرشِ زمین پر چاند پُرنور / کواکب ساتھ وہ بیٹھے تھے مسرور
مذاکر علم کا تھا بحث و تکرار / سگل وُہ سنتے تھے مجلس کے حضار
یکایک آکے نکلے یار وہان چار / ہوئے حضرت کی مجلس مین نمودار
بجالا کر اوّل آداب و تسلیم / کہے تجھ حکم مین ہی ہفت اقلیم
ادب سے ہو کھڑے چارون وُہ فی الحال / ہر اک مطلب کو اپنے تب کئے قال
کہے محبوب تم سچ ہو خدا کے / چراغ و مشعلِ راہِ ہُدا کے

مجلس اوّل

کیا آداب سون نامیکو ارقام
لکھا لڑکیکے تب والدنے یہہ جواب
یتیمی کا تیرے پر داغ بھاری
تجھے والد نہین ہے اور مادر
مرے خویشان نہین راضی ہین ہر چند
نہین مجھہ ساتھہ چلنے کا تیرا زور
ہوا اسباب سون وہ بہت پر غم
گرا سب مملکت اور ہاتھہ دھویا
لگا لڑنے کو اُسسے ہو ہراسان
نہ راجا کوئی کرے امداد اسکو
تفکر کے رہا دریا مین غواص
پوچھا اخبار اس سے کہو لاچار
نجومی نے کہا سن اے خردمند
نہین دختر ترے یہہ تھا آوے
وے مجھہ دل کا تجھہ کہتا ہون مطلب
محمد مصطفےٰ ہادی رہبر
وہان جاکر تو رکھہ اسلام پر دل

حکم ہو تو کرون شادیکا انجام
نہین لڑکی دئے سے تجھکو کچہ لاب
تیری خویشی سے دل منگنا فریری
نہین دیتے ہین تجھکو اپنی دختر
تجھے دختر سنی کرنے کو پیوند
تیرا قوت سٹون یک لحظے مین توڑ
چلا لڑنے کو لشکر ساتھہ باہم
اُسکے عیش کا اسباب کھویا
وے غالب رہے شاہِ خراسان
خرابی مین ملایا ہی اُسکو
نجومی تب بلایا جو تھا خاص
کہا مجھہ مصلحت دے ہو کے غمخوار
تجھے کہتا ہون اے مجھہ دلکے پیوند
نہ تو اوسکے پدر پر فتح پاوے
تجھے یہہ مصلحت ہیگی بہت اب
عرب کے بادشہ حق کے پیمبر
ہووے گا مدعا تجھہ دل کا حاصل

مجلس اول

کرین تاراج سارا ملک اور مال — کرین ویران ہمیشہ سال در سال
مجھے بہیجا ہے شہ نے اب چلا ہی — نہ جانون بعد میرے کیا ہوا ہی
مسلمان کر کرو سارونکو آزاد — امن اب ہمکو دیوو اور امداد
ملک جو تھا اُٹھا خورشید مانند — اٹھا وہ خضر کی تصویر مانند
بہت آداب سون تسلیم کر کر — گرا حضرت کے آ قدمونکے اوپر
قدمبوسی سے کر حاصل سعادت — بران کہنے لگا اپنی حکایت
کہا آیا ہون کوہستان سے مین — نہ ملک کفر دیوستان سے مین
وہان راجا ہے یک خوبصورت — پسندا فعال ہین اور نیک سیرت
خزانہ اوسکنے اور مال بسیار — بڑی حشمت ستی رہتا ہی شہوار
اوسے دختر ہی خورشید ثانی — منور پاک صورت ہی نورانی
نہین طاقت صفت کا آدمی کو — پریان جس کن کھڑی ہین خادمی کو
وہ بہی قوت منے خایق دلاور — نہ ثانی اوسکے کوئی روئے زمین
وہ بہی سنگین قلعہ کے بیچ ساکن — خوشحالی سے وہ رہتے رات اور دن
نقارہ سنگ کا ہے اُسکے اوپر — اُسے چوبان ہین سنگین اسی بہیر
بہی یک ہی بستہ سنگین نادر — کئے ہین سحر اونے اوسپہ ظاہر
سب ادر بستہ وہ کرتی ہی ناری — نہ جگین کس ستی کرتی ہے یاری
رتن بہی شرط دیکر اُسکے بولون — زبانکی لاترازو پرمین تولون

لگے تب دوسری رکعت کو ساری
لگے کرنیکو مونڈی بہت زاری
غرض اتمام کئے رکعتان چار
کیا حق نے سگل انجام بہم کار
سلام اول جدہان بولے خوشایند
رکھے سب طوق نار گردنون بند
سلام دیگی بولے جو حیدرؓ
لگے سب عاجزی کرنیکو یکدم

ظہر سے تا عصر لگ تھا یہ ہنگام
نہ تھا کسیکو خبر دوسری کچھ کام
لگے کہنے سب سردار دو عالم
شفاعت کرنیٹ عاجز ہمارا ہم
کہ مولا اسنواب ہو رحم بارے
کہ کلمہ اب پڑھو تم سب مرادات
خدا ایک اور اوسکا پیغمبر
محمد مصطفےٰ برحق ہین رہبر

مجلس اول

ظہر کا بعد ازان سنت ادا کر
فرض کا تب کئے بنت علیؓ نے
کہ سب ہو مقتدی یاران دلاور
نلک رجانے فرصت پاکے یکدم
زبان حملہ کئے سب ملکے یکبار
کئے تھے فاتحہ سورت کو اتمام
دیکھو قدرت خدائے لایزالی
ہوا تب دوستان کا پاسبان او
دیکھو تدبیر پر ہنستی ہی تقدیر
جدہان مولا کہے اللہ اکبر
رکوع مین آ لگے تسبیح کرنے
ہوئے تب بعد ازان سارے او قایم
زبان اللہ اکبر کو پکارے
رکھے سر شاہ نے سجدے کے بھیتر
اوٹھائے سر کو کہہ اللہ اکبر
کہے اللہ اکبر بے قراری
رکھے سر دوسرے سجدے مین حیدر

امامت تب کھڑے کرنیکو حیدر
پروٹے در دہان سے مہبلی نے
لگے فرض خدا کرنے کو حیدر
کہا اب ٹوٹ کر پڑنا ہی یکدم
کھڑے نزدیک آکر وہ ستمگار
منافق پاس آئے عقل کے خام
محبان کا ہے اپنے آپ والی
رکھا تب حفظ مین اونکو امان ہو
کسی کی وہان نہین چلتی ہے تدبیر
لگے سب دہوجنے جھنجلا سراسر
زمین پر تب لگے ظالم او گرنے
لگے گرنے زمین پر تب او ظالم
سٹے ہتیار تن سون ڈال سارے
لگے رونیکو وہ سارے ستمگر
لرزنیکو لگے گیدی سراسر
لگے ہونے منافق سب فراری
رہے خلبل سگل مونڈی ہوا گمر

خضر الیاس کو شب ساتھہ لیکر
چلے اوس راہ مین خود ایشہ پیر و ور
دکہہ یاران ہے اس شہر مین جا
اپنی تینون چلے سب ایک باہم

چلے مولا علی وہان سے ہو اسوار
ہو کوہستان کدھن او شاہ رہوار
حکایت اب یہانسے کرکے اتمام
شتابی لیکے چل شہ کا سرانجام
اپنا صلوات کہہ ودی کا سے محمود
جلو مین شہ کے چل تا پاوے مقصود

روانا ہونا مولا علی کا اسلام گڑہ سے طرف روطاس شہر کے

گلستان تہور کھول گل گل
تصدق شہ پہ ہو ازجان بلبل
ثنا خوانی کا گلدستہ توڑے ہات
رکھہ اپنے سر پہ کہہ شہ کی حکایات
چلے اسلام گڑہ سے شیر صفدر
کئے طی قطع تب منزل سراسر
ہوئے روطاس کی سرحد مین داخل
دیکھے یاران اپنا کر تا ہے منزل
کہ دیکھا یکبیک تب شہر الیاس
سنو کہتے ہین اسکو شہر روطاس

داخل ہونا مولا کا شہر مین

ہوئے داخل نزان اس شہر بھیتر
لگے سب دیکھنے چودہیر جو سر
دیکھے اوس شہر مین ہین دیو سارے
ولے دیکھے ہین یک قلعہ کنارے
کہ میل اب ایک ہیگا شہر سے دور
جہان رہتے ہین وہ دلدار منظور
نگر صحرا تھا وہان سخت دشوار
چلے اس راہ مین دھر شوق غمخوار
نہ صحرا تھا مگر تھا او جہنم
نہ وہان پہنچا تھا عزرائیل یکدم

مجلس اول

دیکھا یک شخص اپر بہت نادر
...

بیٹھا ہی با شجاعت کر و فر سے
حنیفہ نے کہی بستر سے للکار
وہاں سب رات بیٹھو ہوکے قایم
کھڑے ہون یکدگر جب ساتھ دونو
گراؤ گے مجھے گر تم زمین پر
اگر تمپر ہوئی مین دست یاور
کنیزک کو کرو زودی سے آزاد
پدر کی نام کی زودی گرہ کھول
کئے مولا نے بعد از دُرفشانی
کہ ہے مشہور عبداللہ نام
سنو تم اب زمین کا جو وطن ہی
سخن مین او سکے مولا ہوکے مایل
کہے میرا حنیفہ نام مشہور
پدر میرا ہے سلطان زمانہ
ہوئی پوری جدہاں دونو مین باتین
نماز شب مین ہو مشغول حیدر رض
سو مغرب اور عشا بعد از نوافل

سراپا غرق ہی آب و فر سے
نہ اٹھیو وہاں سنتی زنہار زنہار
صبح کو آکے ہم ہووین مزاحم
کرین کشتی کے دو دو ہاتھ دونو
کنیزک ہو رہون خدمت کے بھیتر
رکھونگی قید مین تسا دلاور
کرو نام مبارک سون بھی دلشاد
وطن تیرا کہان ہے ہم ستی بول
کہے نام و نسب کی سن نشانی
مجھے کہتے ہین سارے ابن آدم
سدا رہنے ہمنکو وہی وطن ہے
ہوئے نام و نسب مین اُسسے سایل
میرا رشتہ ہے دیوان ساتھ مستور
بہت حشمت ہی اسکو اور خزانہ
تلک پہنچی ہے آکے جلد تر رات
لگے کرنے کو یاد حق سراسر
تہجد بھی گذارے شاہ کامل

رہی تھی نصف باقی رات آخر
کہ تسبیح رب کا تھا یہین وہ اکثر
تلک آیا صبح کا وقت ہا محضور
عبادت شب لگا ہے جگر سے
ازان حیدر نے نوبتی خوشنوا سون
نماز صبح کرتے با ادا سون
ہوئے فارغ نماز صبح سے جب
کئے قلعہ طرف حیدر نظر تب
حنیفہ کو دیکھے جون فتح و منش تنگ
نکل آتی ہی کرنے شاہ سے جنگ
کھڑی ہے اسا منے جون کوہ تمثال
کہے مولا کہ یہین بے خبر در حال
کرین کشتی دونون یکبرابر
دیکھو اب کس کو ہوتی فتح یاور
کہے مولا علی سے ای دلاور
چلاؤ تشا ہے اول ٹھہریم پر
اچھیگا جو ہم دل میں مقصود
چلا وہ بیخودی سے آج تو زود

مجلس اول

[illegible]

نہایت شرم رو ہوا زدل فروند
نزان لاچار بولے باتکو چھوڑ
خدا کے لطف سون وہ شاہ صفدر
کئے مالیدہ جب انگلی پکڑ کر
ہوا تب شوق سون دل انکا مایل
نہایت شرم انپر ہو کہ غالب
گرے مولا علی کے تب قدم پر
کہے زودی بتاؤ اپنا تم نام
مجھے معلوم یون پڑتا ہے اکثر

کئے اپنے بہن کو شبہ نہین دونو
کہ اب نوبت تمہاری ہیا کروزور
ترت پکڑے ہین انگلی انکی خنصر
ہوئی عاجز نزان وہ نیک اختر
ہوا آب منی شہوت سے نازل
ہوا دل وصل سے تب انکا طالب
فراست سے کہے بعد از شرم ہر
پلاؤ وصل کا بھر کر مجھے جام
تمھین مولا علی ہین شیر صفدر

خواب مین آنا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا اور تلقین کرنا

سنو اک رات کی نادر حکایت
مرے آ خواب مین شاہ مکرم
مشرف جب کئے اسلام سیتی
تمھارا قد اور قامت سبھی بول
تمھارے نام سے بھی ہو کے خورسند
اچھینگے ہشت تن ہمراہ دیگر

محمد مصطفی ختم الرسالت
کرئے تلقین مجھے کلمہ معظم
بشارت بھی دئے پیغام سیتی
بھی جہر کا معما سب دئے کھول
رکھے ہین تب سے مجھکو دام مین بند
بشارت مجھ دئے ساقی کوثر

مجلس اول

عطا کر مجھ کو وصل معنوی کی
برکت سے یہ وصل صوری کی
جو ہے محروم اُسے در مذلت
وصل مین ہے کرامت اور ولایت
ہین انکے کہنے کو زبا نہین
لذت وصل کا شرح دیا ہین
ذکر کو خدا کیا کرا مست
ہین ثانی جا ہین انکی لذت
کی دانا سی جائز کہا رد
عجب کچھ عیش کی لذت ہے یارو

غرض مولا علی بعد از دو ہفتہ
نکلکر آئے مثل گل شگفتہ

خطاب حمزہ طرف سے تب بی بی کا
لگے کہنے کو یاران سب تبارک
خضر نے تب حنیفہ کو کہا یون
سبھی یہہ دیت اور دیوان بھی ملکر
ترت اوسوقت لیو تم نام علی کا
سبھی مشکل کو حل کرنے کلی ہے
سبھی ہر طرف ہوویگے وہ موذی
شہانی سیج تب نادر بچھائی
محل مین جا ہوئے داخل سو حیدر
ہوئے خلوت نشین وہ پاک حیدر

حنیفہ کو ہوا اُنس اجنبی کا
علی در جواب کہتے تھے مبارک
کبھو مشکل پڑیگی تم او پر جون
کرینگے آکے کچھ حملہ جو تم پر
خدا کے دوست دو جگ کے ولی کا
کہتے ہین لا فتا الا علی ہے
مقابل سے رہینگے سارے ماضی
بزان مولا علی کو تب بلائی
کئے ہین شکر حق کا تب سراسر
ہوئے واصل حنیفہ ساتھ حیدر

ار سے محسود جام بیخودی نوش
اپسکو آپ مین کر دسے فراموش

محل اب وصل ہی ہو تو خبردار
زمین پاک کو دیکھے ہین قابل
صدف خالی دیکھے حیدر نظر کر
پیا لپی تب ہے خلوت کے بھیتر
ہوئے تھے عیش کے گلشن کے مالی

نہ کر اسرار پنہانی کو اظہار
ترت تم امید ہوئے ہین عاقل
رکھے تب دریکتا او سکے بھیتر
سبھی دو ہفتہ تھے وہ شبر صفدر
نہ تھے از وصل گل چینی سے خالی

مجلس اوّل

[illegible]

حنیفہ

مجلس اول

حنیفہ تب نشانیان ہاتھہ لیکر — نظر سے دیکھے ہین تب اسکے اوپر
اٹھانا دعلی خنجر پہ مرقوم — اسد کے نام کا تھا سکہ مختوم
بزان مولا علی پشتہ اٹھاکر — کہے یہہ ہے نشان ہمکو سراسر
پھر آئے نام اس قلعہ کا حیدر — رکھے ہین نام اوسکا تب حنف گڑھ
چلے مولا حنیفہ سے جدا ہو — کئے تب کوچ سب سے الوداع ہو
چلے آئے بزان اسلام گڑھ کو — بھی وہین زود یے چھوڑ انس کو
عزیزہ کی نواحی چھوڑ صف در — مدینے کو سو پہنچے زود حیدر
مدینے مین ہوے زودی سے واصل — ہوئے حضرت سے آکر زود شامل
سعادت دو جہان کا کر میسر — کئے سب ماجرے اظہار حیدر
مرخص تب کئے یاران کینین خاص — گئے تب گھر بگھر حمزہ و عباس
سبھی یاران گئے گھر کو نکل کر — چلے حسنین کے ملنے کو حیدر
ملے تب فاطمہ سون ہوکے دلشاد — رہے یکبار ملکہ سرو شمشاد
ارے محمود چل اب شاہ کے ساتھ — شہ پر بر سے کر زودی ملاقات

ختم کر یہان سے اب صلوات کہکر
مقدس روح بر شافع محشر

روانا ہونا مولا علی کا حنیف گڑھ سے مدینے کو

کہا ہے اک غلام زور آور
قوی ہی خوبصورت مثل حیدر
ولیکن سب غلامان کی وو قیمت
کرے مطلوب وہ شاہ صداقت
بزان راجا نے سایل کو بلا کر
حکایت پوچھے احوال یکسر

مجلس اول

تجھے مطلوب جو دینا ہے آج
کہے شہ نے بزان سایل کو یونکر
کہ ہے راجا یہان وہ مرد کافر
اگر پوچھے میرا وہ نام تجھ کن
نکر نے بھار اس سے تو دینار
ہزار سے گر میرے وہ ہو وسایل
سبھی تجھ مشکلان کو حل کرے گا
کریگا تیغ سون اوسکا جدا سر
سنا مولا سے جب سایل نے یہ فال
کہا تو پیشوا ہے دو جہان کا
کہ اب تجھ حق بنا ہو کر بے ادب کیون
کیے مولا نے یہ حکمت کا کہنا
سنا سایل چلا تب حکم اوپر
چلا آصف کنے زودی سے سایل
سنایا حال کا اپنے گرہ کھول
ہمرے آسا تھ چل راجا کے دربار
گئے راجا کنے دونون برابر

تو مجھ قیمت سے لے کر آنیا کاج
میرا ایک مدعی ہی اس مکان پر
مجھے تو بیچ اوس کن جو ہی آہر
قنبر شم نام کہہ میرا ہی روشن
نہ اسمین کم تو کر زنہار زنہار
تو کہہ اوسکو کہ ہی یہہ اسمین قابل
ہزاران دشمنان سون تجھ لڑیگا
عجب قوت دیا ہی اوسکو داور
ہو بے طاقت لگا رونے انجھوان ڈال
کہ ہی ہادی تو سارے انس و جان کا
کہون تجھکو غلام اس شاہ سے اب کیون
خدا راضی ہے اسمین چپ نہ رہنا
کھڑا آصف کنے وہ نیک جوہر
ہوا دل نپٹ یہ اس کا مایل
اٹھا زودی سے کن السلطنت بول
وہان کر کر تیرا دیتا ہون یہہ کار
کہا سب کھول کر وہ سب یہہ آہر

مجلس اول

سبب اوسکے ہزاران سون بہرزور — سبھی بھیجا ہون وہانہین جمع کر کر
دیگر ہین یکہزار میرے غلامان — سبھی اس کام پر ہینگے مدامان
وہان پانی کے بند کرنیکی خاطر — کرین یکسال مین دیوار آخر
کہ جب ہوتی تہی وہ پوری عمارت — خدا یک لحظے مین کرتا ہے غارت
برسمین ایکدن آتی تہی ندی — اٹھاتی تہی عمارت جو بنے گی
دگر اک اژدہا ہی اس جنگل مین — سدا رہتا ہی غار ونکے دنگل مین
اونے اطراف کے دیہات سارے — لئے سب مار لوگان گھر اجاڑے
کہ مین چہتا ہون کرنے آب کو بند — زمین سے سانپ کو کرنا ہی بیوند
دگر میرا ہی دنیا مین جو دشمن — مدینے مین سدا ہی اسکا مسکن
اوسے مولا علی کہتے ہین سارے — فتح کے اوسکے بجتے ہین نقارے
اوسے لا پیش میرے دست بستہ — کہا سب کام کا تجھکو سرشتہ
یہہ تینون کام میرے کر تو پورے — نہین رکھنا انھونکو بھی ادھورے
تجھے واپس تیرا خط دیونگا مین — تجھے آزاد کر کر چھوڑونگا مین
بھی میرے بعد تجھکو مملکت سب — دیونگا تجھ کو اپنا سلطنت سب
کہے تب مرتضی وہ شیر صفدر — اگر سو کام ہون اوسکے برابر
کرون انجام سب فضل الٰہی — مبارک تخت تجھکو اور شاہی
دیا تب یکہزار دینار قیمت — کیا سلطان دین کو کر غنیمت

جزا اس کا خدائے پاک جبار
دیویگا تمکو اے شاہ جہاندار

بزان دین شاہ نے اپنی نظر کر
دیکھے اس کام کو اندازہ کرکر

دیکھے ایک کوہ ہے اُسکے مقابل
چڑھے اُس کوہ پر وہ شاہ عادل

بزان دین ذوالفقار اپنا نکالے
کمر مین کوہ کے اک وار ڈالے

گئے اس کوہ کے ٹکڑے دو برابر
اٹھائے کوہ کو بھی آپ حیدر

اُٹھائے کرکے قوت شاہ باہم
لے آئے کوہ کو سلطان عالم

سٹے اُس پل کی جاگا اور بندھے آب
رہا چلنے ستی پانی کا سیلاب

سٹے مضبوط تب اُس کام کو کر
خبر راجا کو جا بولے سراسر

کہے مین اب چلا ہون مارنے مار
بلا تیری ولایت سے ستون کاڑ

چلے سلطان عالم اژدہا پر
چلا راجا بھی دیکھین آپ اوپر

دیکھے محکم ہوا ہے پل کا او کار
ہوا لی زرد رنگ او شاہ غمخوار

کہا یک نے بزان شہ کا شجاعت
سٹے تھے کوہ پر تیغ کرامت

پڑا ورطے مین تب حیرانگی کے
گیا وہ ہوش سے انسانگی کے

وزیران سون کہا یونکر زبان کھول
نہ کوئی مشرق مین مغرب اوس کا ہمتول

کہا اب کیا کریگا دیکھنا ہے
مجھے بھی ایک سخن اس سے کہنا ہے

نہین ہے وہ غلام ہے بلکہ سلطان
حکم مین اوسکے ہینگے جن و انسان

غرض مولا چلے تھے چند قدم دور
دیکھے دشت ایسا ہی مثل دیجور

مجلس اوّل

بزان راجا کنے وہ پوست لائے
ہوئے حیران سب حضار مجلس
کہا تب حکم یونکر شاہ بر بر
ولے باقی رہی تمسے یہہ کام
کہے مولا نے باندھا ہے پل کو
کہے سن کان دھر تو مست و مغرور
ولے تجھ عہا سون ہین ہوکے لاچار
سٹے فی الفور شہ پر سب کمندان
کمندان چار سو تب شہ کے تن پر
دگر یکسو سپاہی لے کے تلوار
پنٹ غصے سے نعرہ کرکے حیدرؑ
نکالے سیف اپنا میان سے بہار
کہے سب نے شہنشہ تم یقین ہو
کہ اب ہمپر کرم کی ٹک نظر کر
کئے ایمان کا اقرار دل ساتھ
قدم پر شاہ کے بلہار ہوتے
رسوم کفر کو سب کرکے باطل

رکھے آگے سبھی اُسکو دکھائے
عدو اور دوست انکے یار مونس
کئے ہو کام تمنے یہہ سراسر
پنٹ دشوار ہے کرنا ہی اتمام
دگر مارے ہین ایسے اژدہا کو
مجھے مولا علی کہتے ہین مشہور
کیا ہون آج مین اتمام یہہ کار
پکڑ نیبے ہوئے تھے مستمندان
پڑے جب شہ ہوئے ہین لئی غضب
کھڑے تھے میان سے دو کار کر بہا
کمندان توڑ ڈالے تب ہٹک کر
لگے تب بولنے موذیون کو للکار
ہمارے تم سچے ہادی دین ہو
گنہ بخشو ہمارا عفو کر کر
پرستش سے اٹھائے کفر کے ہاتھ
لگے دل جان سے قربان ہونے
سعادت مرتضی سے کرکے حاصل

کہا اسلام حق اور کفر پامال
بجا کر صدر پر تعظیم کے سات
کہ کلمہ عرض کر وہ نیک افعال
کہا رکھو ہم اہم ننگ و ناموس
ہو در حال آکر وہ قدمبوس
کھڑا ہی آسمان سون آ زمین پر
دیکھا مولا کو جون خورشید انور
چلا کرنے کو استقبال درحال
اٹھا وہ ان راجا برق تمثال
وسے ہین اس کنے بھی ایک حیدر
اہے یہ تن وہ سب یکجا برابر

رضائے مصطفیٰ سے شاہ صفدر	خراسان کی طرف عازم ہو حیدر
تسلی دیکے دونون گلرخون کو	لئے تب ساتھ وہ سیف و کمانکو

جانا یارون کا ہمراہ حیدر کے

بھی حمزہ اور خضر الیاس کو لے	عکاشہ اور قمر عباس کو لے
دیگر بھی دحیۃ الکلبی کو لے کر	عمر عیار بھی تھے ساتھ دیگر
چلے ہو سنج یاران سب یکدل	اتھا باقی کا وہ یک یار شامل
مدینے کے ہوئے باہر وہ یاران	کہے شہ نے سبھونکو دوستداران
کر اب آنکھونکو موچو اب سراسر	رہو دامن سے میرے ہت پکڑ کر
دیکھو تم مرتضیٰ کی اب کرامت	زمین کو پاس منے کینے اشارت
زمین نے کھینچ لیتے تب طنابان	دکھایا زور شہ کو لا خراسان
کہے آنکھان کو کھولو ای برادر	کہو یہہ کون جاگہ ہے سراسر
کہا قاصد خراسان کا یہہ شہر حد	پڑھے سب نے درود ان دلسون بیحد
چلے آگے وہان سے تب ہوس کر	دیکھے تب لعنۃ مولا نے لشکر
بزان وہ بیک زودی یہانے جاکر	کہا راجا کی بیٹی کو سراسر
محمد مصطفیٰ خورشید دین ہین	بلاشک رحمۃ للعالمین ہین
اپسکے لطف سون تیرے سبب وہ	مدد تیری کون بھیجے ہین عرب وہ

بٹھایا اور ہاتھ کر سے حکایات
سنے حق کے ولی سے گوش دھر کر
کہ یکتا ہے خدا حافظ سراسر
ہوا شکر بزبان سارا مسلمان
کہ کلمہ پڑھ کے لائے سب ایمان
بزان مولا علی نے یون کہے سو
و سادر ہم خدا کا امر ہی لو

مجلس اول

[illegible]

کہے اہل عرب ہم سب بشر ہیں — فضیلت میں کمتن سے بشیر ہیں
مسلماں تجھ کو اب کرینگے ہی کار — تیری دختر ہیا ناں اے جفا کار
سنا راجا نے جب جانسوز کی بات — لگا تب ہاتھ ملنے بول ہیہات
نجومی سے سنا تھا اُسنے یوں کر — کہ اِکدن ہوویگا لشی سخت تجھ پر
عرب یک ترک حیدر کے لقب کا — یہاں آکر پھراوے دین سب کا
اسی ساعت ہمری آئی نظر میں — لرزتا وہ چھپا جا اپنے گھر میں
وے اُسنے کیا تھا حکم یوں کر — کرو تیار زو دی جملہ لشکر
علی احوال دیکھے بدگہر کا — اذاں بولے شتابی وہیں عصر کا
اقامت پڑھکے او شیر شجاعت — مصلے پر کھڑے کرنے امامت
خدا غالب ہے اپنے امر او پر — پراگندہ کیا موذی کا لشکر
کئی بہرے ہوئے تھے اور بیہوش — اپس میں آپ تھے بس ہوکے خاموش
رکھے سیفِ دوسرشہ نے مقابل — حضور دل سے تھے حق ساتھ شاغل
بزاں احرام کا تکبیر حیدر — زباں سوں تب کہے اللہ اکبر
دیکھو قدرت خدائے پاک جبار — سدا ہے دوستا نکا وہ نگہدار
کیا حق نے بزاں وہ سیف کا مار — نگہبانی بدل شہ کے نمودار
لگے موذی اپسکے سر پٹکنے — لگے سب کفر کا دامن جھٹکنے
کیئے تب فاتحہ سورت کو اتمام — قتل لشکر کے بھیتر تب ہوا عام

مجلس اول

کہی دختر نے بعد از گرکے زاری
کہ ہم کرتے ہین سب اقرار ایمان
مجھے جیودان دیناشاہ کامل
رنگیلی رس بھری باتان سراسر
سنی لڑکی کے موسئے شاہ باتان
بدرگاہ الٰہی تب مناجات
لگے کہنے کو یاران سارے آمین
ہوا اوسوقت ہین ہشیار لشکر
کہ کلمہ پڑھ محمدؐ کا ہو دلشاد
کئی موذی رہے محروم ہوکر
دیکھے حیدر کھڑے لڑنیکو فجار
نرت دیہین حیدری نعرہ نکو مارے
کئی نامرد تھے سنکر موئے او
کئی نیک کے گوش سے دم ہو جاری
غرض جزوی ہوئے وہ شاہ سو حایل
کرے یکبار سارے ملکے یلغار
دگرتھے ہشت تن مولا کے یاران

نہ کیجو اب ہماری اتنی خواری
کہ کلمہ پڑھکے ہوتے ہین مسلمان
مجھے کرنا میرے پیوساتھ وصل
کئی پر در دیش شاہ صفدر
اٹھائے بعد ازان مولا نے ہاتان
لگے منگنے کو حیدرؓ ربول حاجات
لگے پڑھنے کو یاران سورہ یٰسین
خدا کے لطف سون یکبار یکسر
کھڑے تھے شاہ کن مانند آزاد
کھڑے لڑنیکو جابھرسنکے اوپر
نکالے زود اپنا سیف للکار
دلیرانکے دلان سینے سون کاڑے
بسائے جا جہنم دوزخی ہو
اوٹھی بہنونکے دلپر بیقراری
کھڑے لڑنیکو حیدرسون مقابل
اٹھے حیدر نے بعدازز د للکار
کھڑے لڑنے کو اگر د وستداران

دونون لشکر کھڑے تھے صف بصف ہو ۔ رہا شادی سے کینا ہر طرف ہو
کئے شادی کا سب بعد از سرانجام ۔ بیاہ کر اس دئے نازک گل اندام
نکاح امر شریعت ساتھ حیدر رضؓ ۔ پڑھے اون گلرخا نکا دل خوشی کر
ملائے بعد دونون وصل کر کر ۔ وداع ہو کر چلے اپنے مکان پر
نبیؐ کے وصل کا تب شوق دھرتے ۔ چلے منزل بمنزل قطع کرتے
دیکھو وہ گلبدن اسرار وحدت ۔ مدینے کے لیا گلشن مین راحت
کئے زودی سے آکر وہ ملاقات ۔ ملے حضرت سے آ شاہ کرامات
کئے سب ماجرا خدمت مین اظہار ۔ ہوئے خوشحال سب مجلس کے حضار
ہوئے تب فاطمہ سون آ ملاقی ۔ ملے حسنینؓ سے کوثر کے ساقی
ارے محمود اب یہہ ماجرا چھوڑ ۔ حنیفہ کی حکایت سے سخن جوڑ

مجلسِ دویم درذکرِ حنیفہ
بحرا

حکایت مجلس دویم کا بولون ۔ دہن کے جام مین شکر کو گھولون
کہ سب امید کے لا کر گلون کو ۔ دکھاؤن کھول کر سب بلبلون کو
سنایا شاہ کی چارون حکایات ۔ حنیفہ کی کہون مولود کی بات
حنیفہ سے ہوئے مولا جدا جب ۔ رکھے اپنا توکل بر خدا تب
ہوئے نو ماہ پورے اونکو سالم ۔ خدا بن کوئی نہ تھا اوس وقت عالم

عمر یک ماہ لڑکے کا ہوا جب
تعجب سوں لگے کہنے کو یوں سب

نظر آتا ہے یہہ لڑکا برس کا
عجب ہے گل دمیدہ رنگ و رس کا

غرض جب عمر کو انکے ہوا سال
نظر آنے لگے جوں برق تمثال

سرو قد تب لگا بڑھنے کو ہر دم
لگے مشہور ہونے شاہ عالم

کہ جب چلنے لگے وہ شیر صفدر
ہوس تھی کھیلنے لڑکوں کے بھیتر

ہوا سن مبارک ہفت سالہ
کریں ہر روز بازی وہ نرالا

کہ سب اس شہر کے کھنواد سارے
ملے یک جا کریں بازی کنارے

حنیف شہ شیر صفدر انہیں جا کر
گرا دیں مار کر سبکو کھند لکر

ہوئے دس سال کے جب وہ دلاور
لگے تب مارنے ہر یکطرف دھر

غرض کھنواد سارے اونسے ڈرتے
نہیں ان ساتھ بازی کوئی کرتے

کہ سب اطفال یکسر بھاگتے تھے
حنیف شہ مارنیکو تاکتے تھے

نہیں چلتا تھا کسکا شہ اوپر زور
کریں بازی مقابل شہ کے مکھ موڑ

زلا چاری کریں گستاخی شہ سے
خصومت اب جوں کرتا ہے مہ سے

زبان اپنی بڑان وہ طول کر کر
کہتے تھے یہہ حرامی ہے سراسر

لگے کہنے کو سارے خاص و عام
حرامی لفظ سوں منسوب دشنام

سنے جب یہہ سخن سرور نے دھر گوش
ہوا بیطاقت لہو کھانے لگا جوش

ہوئے یکبر وزشہ ماں پاس حائل
ادب سوں ہو کھڑے خدمت میں سائل

حرامی کا مجھے دیتے ہیں دشنام
کہ سب عالم یہاں کا خاص و عام

نہیں ہے اصل تو بھی تجھ میں خامی
کہ کہتے ہیں مجھ کو سب حرامی

حنیف نے کہا ای جان مادر
کہ ہے کون میرا باپ کا نام

بتاؤ اب مجھے جلدی سے مادر
نہیں تو جان نے جاتا ہے کر

حنیف نے سنی جب بات جا کر
کہی فرصت مجھے دو آج کا روز

حنیف شہ چپ ہوئے سنتے ہی تو کر
گیا دن فکر میں سارا نکل کر

ہوا جب رات کا نادر سما یا
حنیف نے وضو جلدی بنایا

مجلس دویم

[illegible]

کہے سرور نے کیا ہی دلپہ افکار
کیا ظاہر حنیفہ راز دل کا
کہے سرور نے ای بی بی حنیفہ
ہمارے نام سوں کر اسکو آگاہ
مدینہ شہر ہی ملکِ عرب مین
شہنشہ اسجگہہ پر پیشوا ہین
اوسے انگشتری دے اور خنجر
بشارت دیکے وہ ہادی کو نین
بزاں ہو خواب سے بی بی نے بیدار
کہے سب کھولکر نور البصر کون
حنفؑ نے سنے جب ماں سے یہہ قال
کہے مجھ دیے ضا زو دی سے مادر
دگر امید ہی دل مین سراسر
عرض مین آٹھ گز او رستہ طوالت
کہ ہی وہ پانچ گز او سکا لبس دل
اُسے بھی دیکھنا دلمین ہوس ہی
حنیفہ نے توکل بر خدا کر

تمھارے طفل کو حق ہی مددگار
کہا سب کھولکر مقصد پس کا
جمع رکھ اپنا تو خاطر شریفہ
اوسے حق پاسپاہر دم ہی ہمراہ
کہ ہی مشہور او شرق و غرب مین
محمدؐ مصطفے نور الہدا ہین
مدینے کو روانہ زود تر کر
چلے تشریف لیکر شاہ دارین
پڑھے صلوات ہو حضرتؐ پہ بلہار
کہے سب ماجرا لخت جگر سون
ہوا روح و رواں غازیکا خوشحال
کہ تا دیکھو نین جا کر شاہِ حیدرؓ
دیکھوں او پشتہ سنگین نظر کر
کہ ہی وہ مظہر مولا حوالت
وزن ہی پانچسو من اُسکا اَلحمل
وسیلہ مصطفےؐ کا مجھکو بس ہی
بزاں سو نبی او ر مصطفےؐ پہ

مجلس دوم

خداوندا بحق پیغمبر داں
پریشاں خاطر را جمع گرداں
بحق نام شان سعود گرداں
کرم کن عاقبت محمود گرداں
دعا سے جب ہوئے فارغ حنیفہ

فراست کے ویسے تھا دین شہ کا ہمت عالی
غرض چند روز بعد از باقرار [illegible] گلشن کے مالی
رہا ختلی فرود بھیتر وہ ابن حیدر
عرب کی حد مین ہوئے چند روز بعد از ان کشتی سے آکر
مدینے کو چلے [illegible] سے غزنہ
روانہ تب ہوئے ہین ابن حیدر
ازان کشتی دگر تیار کر کر

عزنی کا [illegible] عربی با فصاحت
[illegible] تقریر
دیا تھا [illegible]
مدینہ پاہی بیشک فردوس ثانی [illegible] نورانی

لیجا تعظیم سوں وہ نیک کردار
کیا تب تخت پر اپنے وہ اسوار

اپین ہو سامنے خدمت کے بھیتر
کھڑا ہو دست بستہ مثل چاکر

کیا تسلیم بعد از وہ ادب سوں
لگا کہنے بزان وہ کھول لب کون

کہا یکروز وہ شاہ دلاور
تمھارے باپ ہینگے شیر صفدر

یہاں اگر کئے ہمکو مسلمان
بتائے ہین ہمن کو راہ ایمان

پھرائے نام قلعہ کا وہ حیدر
رکھے ہین تب ستی اسلام گڑھ کر

غلام اونکے ہمین خادم ہین سارے
ہمین پائے سعادت آج بارے

غرض کئی دن پچھوں شاہ زمان
ہوئے عازم بزان سوئے مدینہ

بزان راجانے کشتی کرکے تیار
دیا کچھ خرچکو اور کردئے اسوار

ہوئے اسوار جب کشتی کے بھیتر
اٹھائے بعد ازان بندر سے لنگر

وہ کئی دن جب چلے دریا کے بھیتر
جزیرہ ایک تب دیکھے نظر کر

سو آبندر مین تب پہنچے سلامت
دیکھے تب حق ستی وہ رو کے راحت

بزان اترے ہین کشتی سے کنارے
خبر شہ کا سنا راجانے بارے

اکابر شہر کے راجانے لے کر
چلا لے شاہ کو تب آپنے گھر

صدر پر لاکے تب تعظیم کے ساتھ
بٹھایا اور ارہ باندھکر ہاتھ

کیا معلوم تب شہ کے نسب کو
سکھایا پہلوانی کے کسب کو

کیا ہتیار کے بھی فن مین شاطر
ہوا تب شاہ کا لی جمع خاطر

مجلس دوم

[illegible]

سو

کرے معلوم پن گھٹ کی جگہہ ہے
پوچھے تب گا ذران سون شاہ مومن
کہے ساکن ہین یہان دھوبی بچارے
کہے شہ نے ہمین ہے پیاس اور بھوک
تمھین کچھ بھی مجھے لا کر کھلاؤ
کہے سب نے ہین محتاج چاکر
ولے پانی ہے اس میدان ہین بارے
کہے یک چاہ ہین پانی ہے پر جوش
پتھر سکو اٹھانا بہت دشوار
ولے یکشخص ہمسے ہے قوی تر
ہزاران لیتے ہین ہم پانی کو بارے
رکھے غازی اُسے پتھر بند کر کر
کہے شہ نے مجھے چل کر بتاؤ
کہ سب دھوبی دکھائے شاہ کو لا
خدا کا نام لے اوّل وُہ صفدر
نٹے تب زیر پتھر اپنا ہاتھ
کنارے پر رکھے پتھر سراسر

مسافر کو یہان آرام گہ ہے
تمھین ہین کون اور کا نکے ہین ساکن
ہمین دھوبی یہان دھوتے ہین سارے
گیا ہے تشنگی سے حلق سب سوک
ہے جھبکو تمھین پانی پلاؤ
نہین ہمنا کنے کچھ چیز حاضر
نہین وہ ہاتھ آنے کا تمھارے
ولے ہے سنگ کا اس منہہ پہ سرپوش
نہین کھلتا ہے ہمسے آب زنہار
سدا آکر اُٹھاتا ہے وہ پتھر
سو اُس پانی سے ہم دھوتے ہین سارے
چلا جاتا ہے بعد از آپنے گھر
مجھے یکبار تم چشمہ دکھاؤ
دیکھے شہ نے عجب جاگا ہے اعلا
ہزاران صلوات بولے پیمبر
اوٹھائے ہین او پتھر کے دو ساتھ
وہ خود اترے ہین اُس کو یکے اندر

خدا کے لطف سون [illegible]
[illegible]

مجلسِ دویم

[illegible]

کہ جا کر عمر عیار کو حضرت اشارت
خبر لا بالضرورت
[illegible]

لگے عباس اور حمزہ نے للکار
کہ بیٹھا تھا شجر پر پتھر سے اوپر
دیکھے کوتی ... اور پر تب نظر کر
جلے حضرت کینتی تسلیم کر کر
ہیں دونوں نے ویں تعظیم کر کر
دیکھے حمزہ دگر عباس اپر ال
لگے حضرت نے سارا قتل عرقال
تھی جھولی سوا نکو لا دکھائے
کہ سب روداد حضرت کو سنائے
ہوئے پیدا کیے وہ نیک گفتار
لگے جانوز کی یا تا نکو عیار

دیکھے قوت ترا تو ہے ادب ہی
لگے کہنے کیا نام تیرا اور نسب بھی
کہ گر موت کا دلمیں ہو نہیں ہی
طمانچہ یک ہمارا تجھکو بس ہی
تجھے گر ہم طمانچہ ایک مارین
درخت زندگی جڑ سے اکھاڑین

مجلس دوم

[illegible]

عمر عیار تب آئے کوٹے پر
دیکھے بیٹھا ہے لڑکا یک مکان پر

شجاعت کا دیکھے جہر ارباب
کہ ہے آب و قہر میں بہت غرقاب

لگے خوش بات سوں بولن کو عیار
کہ ہے تو کون کسکا ہے تو غمخوار

اُٹھا یا تھا تو پتھر زور کے سات
ولے زودی سے پھر رکھ سن میری بات

وگرنہیں تو تجھے رہنا ہے دشوار
نہیں ہو نیکا تیرا کوئی غمخوار

تیرا کہو نام کیا ہے اے دلارام
تیرے سوں حسن لالہ نے لیا وام

سرو قد پر تیرے میرا رحم دل
ہوا ہے اے جوان نیکو شمایل

خنف شہ نے کہا اے نیک جوہر
کہ ہے دانشوری سے بات باہر

کوٹے کو مونا آیا ہے دشوار
ہو منصف بات کا اور راز اظہار

بزران عیار نے عیارگی کر
اوٹھا جھولیمیں ڈالے ہیں پکڑ کر

لگے جھولے اُٹھانے بہت کر زور
ولے جھولی نہ اٹھتی تھی زمیں چھوڑ

ہوئے وہ زور کرتے سات تہام
ولے کیتے ترا تر زور با ہم

بزران قوت کئے ہیں تیسرے بار
پھٹی جھولی ہوئے ہیں یا شہ نمودار

لگے تب کھینچنے شہ کوں پکڑ ہات
ولے ذرہ ہلے نہیں شیر کی ذات

خنف شہ نے کہے اے نیک فرجام
تمھاری کچھ نہیں ہے نیک انجام

مجھے مطلب یہی ہا رستم زماں سے ان
جو ہے مرد دلاور پہلوان سوں

تمھیں گر عاقبت کی خیر جا ہو
رخ جان بخش اپنا تم لیجاؤ

[illegible]

مجلس دہم

لگے تب کھینچنے آپس میں مل کر | کہ تب غصے میں آئے شیر صفدر
گرے تب ہاتھ اور پانو کنیں جھاڑ | گرے بیخود زمین پر ہر دو ہر کھاڑ
اوٹھے سو پھر کہے کیا نام تیرا | بتا دیو زاد دیو اور کام تیرا
قبیلہ کیا ہے تیرا کون مادر | پدر ہے کون تیرا کہہ سراسر
کہے شہ نے بزبان ہو مسکرا کر | میرا والد ہے نیکو انس جوہر
کہ ہے مادر میری جو غم رسیدہ | ہے جس سے گلشن آدم خزیدہ
جو پوچھے تم میرے سے میں بتایا | سزا کردار کا خود تمنے پایا
میرے اس قول اوپر اب عمل کر | اپس کے گھر کو تم جاؤ نکل کر
کہ ہو جو پہلوان شیر زمانہ | جوانمردی کا جسکن ہے خزانہ
تمھیں بھیجو اسے دیکھو نظر کر | بھی پہنچوں اوسکی قوت کو سراسر
ہوئے لاچار تب دونوں دلاور | چلے تب شہر کا رستہ پکڑ کر
تلک آ ایکبیک وہ شیر یزدان | بنگل نخچیر گہ سے شاہ مردان
دیکھے پانی کے اوپر تب نظر کر | پڑا ہے دور رشتہ سو قدم پر
بھی اس رشتہ کے اوپر یک جوان خوب | بیٹھا ہے خوبصورت نیک اسلوب
کہے مولا نے ای لڑکے دلاور | نہیں تجھہ دل منے اب خوف و ڈر
اٹھاؤ رشتہ سنگین سراسر | شتابی رکھہ تو اس کو یکے اوپر
اگر اس کام میں کرتا ہے تاخیر | تو میرے ہاتھ سے ہوتا ہے نخچیر

نلک

مجلس دوئم

تلک پہنچی خبر یہہ شہر بھیتر
ملے سب آنکر کنوے کے اوپر

تماشا دیکھنے سارے کھڑے تھے
خنف شہ باپ سے لڑنے اڑے تھے

کہے حیدر نے پھر سبکو بلا کر
پکڑ کر اوسکو رکھنا قید بھیتر

کئے یلغار شہ پر خاص اور عام
خنف شہ نے کہے اعجب ہے کام

اٹھا نیکو لگے تب کوہ سارے
ملے جھپیان بمن آکر بچارے

گئے سب زور سارے متفق ہو
دیے شہ کچھ ملے نہین یک سر مو

کھڑے ہو ہاتھ اور پانونکو جھاڑے
زمین پر یکدفعہ سبکو پچھاڑے

گرے سارے نزان ہوکر او ارا
کیا یکبارگی سب نے پکارا

نہین انسان ہے یہہ دیو اکبر
عجب شہ زور لڑکا ہے غضنفر

لگے سب پوچھنے یون کون ہے یار
بلا ہے دیو یا جن ہے تو عیار

کہے کیا نام تیرا کہان ہے جانا
کرین کچھ کام کی زودی روانہ

علیؓ نے بعد ازان اپنا دہن کھول
کہا دیکھے مطالب زود تون بول

کہے تو آتشی یا تو ہے خاکی
کہ ہے خوشحال یا تون دردناکی

کہے جن یا تو ہے فرزند آدم
بلا یا دھول مین تو بہت عالم

انھونکی نہین ہے طاقت اب نیر ساتھ
کرین بازی کے وہ کچھ سستی ہاتھ

کئے شہ نے نزان یہہ درفشانی
لگے جھڑنیکو گل منہہ سے نورانی

کہے یک چیز مین طالب ہون نادر
بلا دیگا مجھے قدرت سے قادر

میں ہوں انسان اور آدم ہوں ظاہر — پدر کو دیکھنے نکلا ہوں باہر
مجھے معلوم یوں پڑتا ہی اکثر — کہ ہے اس ملک میں وہ نیک محضر
نشان پایا ہے مجھکو ایک اُن کا — عقل بھی کھینچتا دامن ہو سب کا
میری میراث کا پایا ہوں میں مال — میرا دل بہت ہوا ہی اُسسے خوشحال
ولے اس مالکے دعوی میں یہہ چور — رہے ہیں متفق ہو اپنا دل جوڑ
دگر تمکو دکھا کر یہہ بڑائی — کئے ہیں مجھہ ستی سب مل لڑائی
خدا کے حکم سے اونکو گرفتار — کرونگا اور پیچھوں لیونگا اخبار
پوچھے لوگوں نے اُنکا نام کیا ہی — کہو کیا قد و قامت فام کیا ہی
کہے وُہ نام مجھہ کو حرز جان ہی — مجھے معلوم اون کا بھی نشان ہی
میں دیکھونگا قدم اُنکے مبارک — کہونگا صدق دلسے یہہ ہے بیشک
ولے یہہ گادران ہیں چور میرے — کہ یہہ منکر ہوئے ہیں ملکے سارے
کہ اب لڑنے کوئی آویگا مجھہ ساتھہ — اول دھونا انے بھی جیوسوں ہاتھہ
مجھے میں مدعا پایا پدر کا — میرا قبلہ ہی جو عالی گہر کا
نہیں جانے کا میں زنہار زنہار — کرونگا باپ کو تحقیق اشتہار
شجاعت کا سنے جب شاہ نے حال — گئے سب لوگ اپنے گھر طرف چال
کئے حضرت کنے احوال ظاہر — اٹھے خلوت بھیتر سارے اکابر
بزان محبوب رب کے وہ نبی خاص — ہوئے وحدت کے تب دریا میں غواص

مجلس دوم

سو چھوڑے بعد ازاں دونو برابر
حنفشہ نے پکڑ شہ کی کمر کو
سو دین مولا نے بازو ہاتھ سے چھوڑ
کئے ہین امتحان دونون نے قوت
اشارہ کر بزاں مولا علیؓ نے
ملایک آسمان سے ہو کے ناظر
حنفشہ زود اٹھکر تب کھڑے ہو
لگے ثابت قدم کشتی کے کرنے
رسولؐ اللہ کھڑے کرنے نظارا
کئے کشتی پٹ بیخود سو ہو کر
اڑاوین بعد ازاں سر پر سو للکارا
لگے ہونیکو فاخر یک بیکس ہم
محمدؐ مصطفیٰ کے ساتھ ملکر
کہ سب وہ دیکھتے تھے مل تماشا
دیکھو مولا علی تھے شیر صفدر
علی نے ہاتھ بھی زانو کے بھیتر
کئے نعرہ بھرائے سر کے اوپر

علی نے تب لئے بازو پکڑ کر
کہے اب ڈھونڈھتا ہو نمین پدر کو
حنفشہ نے کمر چھوڑے ہین فی الفور
کہ دونون ایک ہین پائے شجاعت
ترت پائے حنفشہ ہبلی نے
کہتے تھے آفرین دونو پہ وافر
لگے کرنے کو کشتی روبرو ہو
کھڑے تھے داؤ مین یکبیک کو دھرنے
کہے صد آفرین ہی چند بارا
گرانے کو کئے تھے تب زمین پر
ولے نین ضرب پہنچا کسکو زنہار
نہین ہٹتے تھے دونون وہ غضنفر
کھڑے اصحاب تھے اور یار ملکر
نہ تھا دونو نمین بیکس کوئی حاشا
حنفشہ بھی اٹھے وہ ابن حیدرؓ
گرائے اور اٹھائے سر کے اوپر
پچھون ٹھکے ہین زودی کے زمین پر

مجلس دوم

پینٹے قابو مین پایا ہو کے لاچار
نہین اسوقت حاضر کوئی غمخوار
خدا احوال پر میرے ہے ناظر
بہت بیکس ہون مین عاجز مسافر
بتائی تھی نشانی مجھکو مادر
ہے اسمین کا یہہ رشتہ یک مقرر
پدر کو ڈھونڈھتا پھرتا مین آیا
یہان یہہ رشتہ سنگین ہین پایا
کیا دلمین یقین تب اُس مکان پر
یہان والد ہے میرا شاہ حیدر
کہ اب زودی سے کر تو اپنا یہہ کام
چلا خنجر کہ تا پاؤن مین آرام
کہے حیدر نے بعد از ہو کے پرغم
نشانیان بول باقی ہے باہم
کہے سرور سنو اب گوش دھر کر
نشانیان اور باقی ہین یہہ دیگر
تمھارے ہاتھ ہے خنجر پدر کا
ہے اوس پر نام اوس عالی گہر کا
دگر مجھہ ہاتھ مین خاتم ہے روشن
لکھا ہے اُس اوپر نام مرزبین
سنے مولا علی نے جب یہہ گفتار
کہا انگشتری کو ہاتھ سے کاڑ
میرے کن دے تیری وہ امانت
ملاؤن تجھہ کو مولا سے سلامت
نہین ہم مارتے ہین تجھہ کو زنہار
دکھانے ہین تھین والد کا دیدار
نکالے ہاتھ سے انگشتری زود
کہ تا جلد ہوں دیکھے رُئے مقصود
دئے جب ہاتھ مین مولا علیؑ کے
وہ داماد نبیؐ حق کے ولی کے
دیکھے انگشتری کو جب نظر بھر
لئے بوسہ پیشانی پر خوشی کر
کہے شہ نے تمھارا ہین ہوں دلبند
کیا حق نے تجھے مجھہ ساتھہ پیوند

مجلس سیوم

ایمان شاہ دیکا شمہ بیان کر
یہان مذکور مجلس مین عیان کر

مجلس سیوم ایمان دیکا اور سیر کرنا ان کا

ملایا عشق نے یک روز آکر
کہ اب اسباب کا تدبیر کرنا
کھڑے مولا علی کن آادب سون
کہے ای کعبۂ حاجات کونین
حکم ہو تو کردن صحرا کا جا سیر
کہے مولا نے ہے یہہ بات بھی نیک
حنف شہ نے سبھی آرسے بلے کر
مدینے سے ہوئے باہر سو در حال
بلے جب او نکیتین دو نو برابر
کہا ہین سیر کرنے کو برادر
کہے دونون سنو تم یکذرہ بات
حنف شہ نے کہے بسیار ہے خوب
چلے زودی ستی دونون برادر
کہے مولا سے آدونون جگر نے
لے رخصت شاہ سے دونو برادر
چلے ملکر برادر ہو ثلاثہ
چلے تب سیر کرنے کوہ و جنگل

کہے جا سیر کرنا خوش مکان پر
وہے صحرا بہتر نخچیر کرنا
سو کھولے فکر کر آہستہ لب کون
قدم سون ہے سعادت مجھکو دارین
کردن نخچیر اور لاوین کچھ طیر
وے مجھ سون وصیت تم سنو ایک
چلے اسوار ہو گھوڑے کے اوپر
بلے حسنین رہین ہمرو تمثال
کہ ہمکو چھوڑ کر جاتے ہو کیدھر
رضا بابا ستی جاتا ہون لیکر
کہ ہم لیکر رضا ملتے ہین تم سات
لگی مجھ کے تئین یہہ بات مرغوب
پدر سے آئے وہ نیک اختر
رضا ہمکو بھی دیو سیر کرنے
حنف شہ سے ملے زودی سے آکر
نہایت تب ہوا دل کا خلاصہ
غرض پہنچے یکایک کوہ کے تل

مجلس سوم

ملے دونوں ہوئے دلکو قراری
دلے کھینچے بہت وہ انتظاری

نہین آتے ہین دیکھے جب وہ شہوار
پھر وہانسے چلے گھر کو ہو لاچار

ہوئے مولا علی کے پاس حاضر
کیے اظہار جو دیکھے تھے نادر

لگے کہنے حقیقت کا شرح کھول
کیا اظہار قصہ سب بیان بول

کہے مولا علی نے سنکے اخبار
صباح اوسکا کرینگے سارا اوکا

ارے محمود ہو شہ پاس حاضر
کہ ہین صحرا بھیتر تنہا مسافر

زمین لپٹی طی کئے تھے ابن حیدر
نہ دیکھے کوئی انسان اوہ بھیتر

چلے تھے دیکھنے اکثر پرندے
مگر صحرا بھیتر دیکھے درندے

گیا سب دن نکل اوکار میانی
سما لاگا ستارونکا دکھانی

ہوا تب انکا جگ نیچ سیلاب
کیئے یک جھاڑ نیچے جا شکر خواب

انکھیان بھین جو ابین ہشیار تھا دل
خدا کی یاد سے وہ شاہ کامل

گئی وہ رات فکر و ذکر بھیتر
صبح کا وقت دیکھے تب سراسر

کیئے تازے وضو کا تنہین پوشاک
نہایت تب ہوئی ہی طبع چالاک

دو رکعت صبح کی اتمام کر وہ
اٹھائے ہاتھ بھی قبلہ طرف وہ

نزان بولے زبان سے یا الہی
مسخر کر میرے سب مرغ و ماہی

مسافر ہون کہ مین دیکھا ہون غربت
دکھا نادر مجھے تو اپنی قدرت

مجھے دے تو عجائب تحفہ نادر
کہ تا لیکر پھرون ہو جمع خاطر

مجلس سوم

مجلس سوم

بزاں جھکے زمیں پر ہو غضبناک ٭ کہ ٹوٹا سر گرا تن اسکا در خاک

دیکھا قطران جب احوال جاہل ٭ پریشان دل ہوا اپنی کفر جاہل

لگا تب بھاگنے اپنا محل چھوڑ ٭ چلا وہ ڈھونڈتا سرور سے مکھ موڑ

خنفشہ تب چلے اسپر کھڑک تول ٭ کہا قطران نے اپنی زبان کھول

سنا ہو نہیں نہیں یہہ رسم سادات ٭ گر ان پر نہیں کرتے ہیں وہ گھات

سنے سادا اسکا جب رسم سرور ٭ پھرے ویسے ہی آئے محل اندر

کئے تب فکر سے موذیکو معلوم ٭ نہیں یہہ آدمی ہے جادو مفہوم

مقرر آویگا فردا مقابل ٭ کسی امداد لاویگا وہ جاہل

وے بتعجیل سے قطران جاکر ٭ لے آیا ساتھ اپنے بہت لشکر

تلک تھے منتظر وہ شاہ ممتاز ٭ نقارہ بجا سنے ویسے ہیں آواز

ہوئے اسوار بھی تیر لیکے اوپر ٭ نہ تھا دل بیچ کسکا خوف اور ڈر

مقابل آکھڑے لشکر کے صفدر ٭ نہ تھی طاقت کسے دیکھے نظر بھر

کہا قطران نے تب اپنے پسر کو ٭ پکڑ لاؤ تم اب زود بیہ اسکو

میرے سو منکے بنکوان نے توڑا ٭ پٹک ڈالا زمین پر سر کو پھوڑا

کرو تم اس سے لیو اسکا مکافات ٭ کرو تیغ و تبر کا اسپہ برسات

میرے بنکو کیا ہی ان نے برباد ٭ نہ چھوڑو اب تمھارا ہی یہہ امداد

تلک یک دیو آ نیزے کو لیکر ٭ لگا تب مارنے شاہ جہان پر

کہے شہ نے بزان العقل کے خام
ہوا اسلام سے لنڈہور شاکر
تو کیون کرتا ہی مجھسے لن ترانی
کہا نہین دین کی تھی اسکو حاجت
ہوا حمزہ کی قوت سے وہ کمزور
نہین دیکھا ہی تینے زور میرا
کہا آؤ شتابی تم مقابل
حنف شہ نے کہے مجھ کو قسم ہی
وصیت مجھ کو ہی میرے نبی کا
تو کر اول الپس کا رسم کفار
وہین املاق نے نیزے کو لیکر
جھکا کر اوسکے نیزے کو شہنشاہ
لگا نیزہ بزان موذی کے سرپر
گرا تب خاک مین موذی ہو برہم
کہے تو بول کلمہ نہین تو اب سر
کہا مجھ کو نہ مار واب کر شاد
خدا ہے ایک اور اوسکے محمدؐ

گنوایا کفر مین تو دین اسلام
تو کیون اس کفر مین رہتا ہے کافر
خدا کے حکم سے ہو ویگا فانی
وے نہین ساتھ حمزہ کے تھی طاقت
دیا اجداد کے وہ دین کو چھوڑ
ہزاران فوج کو مین نے بکھیرا
ہنر اپنا کرو تم مجھ سے حایل
ضرب کھا کر ضرب کرنا رسم ہی
کہ اول ضرب لینا مدعی کا
پیچھے ہمسے سزا ے اوسکا بکوار
کہا اسکو سنبھالو ابن حیدرؑ
پھر امارے ہین نیزہ الیسہ ناگاہ
اندہاری آئی اوسکے نین بھیتر
چڑھے چھاتی کے اوپر شاہ عالم
گرا دون کاٹ کر جاویگا تو ہر
کروجی دان دیکہ مجھ کو آزاد
ہین برحق وہ پیمبر شاہ امجد

مجلس سیوم

عفو کر انکو بعد از شاہ صفدر
حوالے تب کیا تقصیر اوپر
کھڑے تھے مردود دو دونو تب خجل ہو
تب اس سر کر کھڑے تھے مردہ دل تو
تفکر سے زبان املاق کھولا
بزان آہستہ شہ سے بات بولا
کہا شہ کی طبیعت ہے مکدر
نفرج کو چلو اب محل اوپر
چلو ہمراہ میرے تم او سبھی
دکھاؤن تمکو میں نادر تماشا
گئے سرور بزان اس محل اوپر
دیکھے معطر طرف شہ نے نظر کر
عجب بستی تھی آرائش چو طرف سے
وہان دیکھتا تھا اوپر دیکھ نظر سے
بزان مشرق طرف دیکھا میں صفدر
غبار دو دود دیکھے ہین سراسر
پوچھے املاق سے تب شاہ گیانی
کہو سب کھول کر راز نہانی

لئے تب ہاتھ میں پیالے کو سرور		اتھا خواہش کہ پینا سب سراسر
تلک املاق و قطران نے ادھر ان		لگا کرنے اشارت تب نظر سوں

ارے محمود اب مولا کی قدرت
نظر کر دیکھ اوس خالق کی حکمت

خدا چاہتا ہے جس کو رکھنا سلامت
وہ خود رہتا ہے اسکے در حفاظت
نہیں چلتا ہے کسکا مکر اوس پر
گرا دین آگ میں اسکو نہین ڈر
دیا تب یاد دل نے شہ کو یکبار
کہا شربت نہ پینا تمنے زنہار
ہوئی تب دلکو شہ کے اضطرابی
رکھا تب ہاتھ سے پیالہ شتابی
پڑا تب یاد حیدر کا وصیت
کہا پینا نہین زنہار شربت
کہے قطران اور املاق کو تب
کرو شربت کو اول نوش تم سب
پہونچیگا میں جو کچھ باقی رہیگا
یہی میرا رواج اصل ہیگا
سنے دو لونے جب یہ بات دہر گوش
رہے تب عقل کھو کے دونو بیہوش
بزان املاق نے پیالہ اٹھا کر
دیا ہے پھینک وہ زودی میں پر
دیکھے شہ نے بزان وہ زہر قاتل
غضب سے ان تب کہے انکو ای جاہل
کہے اے بیحیا مجہول فاسق
مناسب یہ نتہا تمکو منافق
کہے شہ سے بزان کر عذر خواہی
گنہ بخشو دیو جان سے نہا ہی
کئے سب عاجزی سر رکھ زمین پر
ہوا تب رحم دل شہ کا برابر

مجلس سیوم

کہا او رہبیان آتش [illegible]
[illegible]

[illegible]

مجلس سیوم

میان ہر دو ابرو ہی عجب خال — صفت کہنے سے ہے میری زبان لال
ولے دو چشم اسکے مثل بادام — ہزارون پر سٹے ہی عشق کا دام
دو لون رخسار اُسکے زہرہ پر نور — تصدق ان اوپر ہی مشتری سور
زنخدان کی کرون تعریف ایشاه — مگر دستا ہی مجھ کو ثر کا وہ چاہ
عجب قد نازنین ہی مثل شمشاد — ہزاران سون ہے مجنون ہو فرہاد
عجب ہی حسن کا گلشن منور — کہون کیا تم ستی یا ابن حیدر
بہت مدت سے ایہین ہو نگا حیران — کرون کیا کچھ نہین چلتا ہی اس آن
وصل کا مجھ ہین اب کچھ نہین ہی یارا — وہان کسکا نہین چلتا ہی چارا
برادر پہلوان اسکا ہی جمہور — اپسکے زور مین ہی بہت مغرور
قلعہ اطراف وہ آتش جنا کر — رہتا ہی راتدن نزدیک خواہر
رہے انسان حیران ہو کے سارے — ولے دیوان بھی ہین عاجز بچارے
سفید یک دیو ہی اس چاہ بھینر — پنٹ عاشق ہے اس دختر کے اوپر
چھ مہینے نیند وہ لیتا ہی دایم — دھوان سب سانس کا اسکے ہے قایم
بہت اس نار کا عاشق ہے غمخوار — ولے تدبیر سون وہ بھی ہی لاچار
دگر بھائی وہ ہین دربر نگہبان — رہتے ہین وہ سدا ہو اسکے دربان
نہ وہ دیتے ہین کسکو کرکے شادی — رکھے ہین اوسکو اپنی کرکے باندی
اگر جاتا ہی دلمین کوئی ہوس دھر — کرہین یک پلمین اُسکو بند کرکر

اوراگر فرض اول بادشاہ صفدر [illegible]

[illegible]

ہوا تب یکبیک آواز موقوف | پڑے تب فکر میں وہ شاہ موصوف
تلک مشغل ہمط وہ نار سُندر | کہی ہنوز دستے نین برادر
گیا سب دن نکلکر رات آئی | بساط عیش کی جگنے بچ دہائی
چلی یون بولکر آئی تہی در پہ | دیکھے جون چاند اُترا ہے زمین پر
ہوئی تب محو اُسکے در تجلّی | رہی بیہوش دلکو دے تسلّی
ادب سے مشتری کے ہو کنارے | کہے ہشیار دلسون یونہی بارے
کہے کیا خواب ہے یا مین ہون بیدار | کہ ہون بیہوش یا دلسے ہون ہشیار
ادب سے نازنین اپنا دہن کھول | مثال گل تفحص کا سخن بول
مگر محمد حنیف کہتے ہین تجھکو | تمہاری سب خبر پہنچی ہی مجھکو
تمہین لخت جگر ہو مرتضیٰ کے | تمہین ہو شیر بہی مصطفیٰ کے
میرے گھر آؤ کر آزاد مجھہ آج | گئے ہو وصل کا مجھہ کو ملا راج
خدا میری دعا کو کر اجابت | ملا یا تمکو مجھہ سے با نجابت
اپنا مجھہ آج نین جانا نکل کر | مجھے یہانسے چلو تم ساتھ لیکر
چلو ملکہ یہانسے دونون جانا | وصل کا جام بعد از بھر کے پینا
میرے ہین سات بھائی بہت مغرور | لباس کفر بہیتر ہین وہ مستور
نہین آئے تلک بھائی سو جاوین | وگر نین تو بلا کچھہ یک اٹھاوین
کہے سید حنیف ای نیک اختر | نہین یہہ کام دستا ہمکو بہتر

مجلس سیوم

مجلس سوم

اگر ماریگا بھائی جاویگا ہیو — وگر ماریگا ہیو تو جاویگا جیو

یہہ دونون ہیو کو جیو کو ندامت — رکھیگا اپنی قدرت سے سلامت

بھی انکو خلعت ایمان عطا کر — میر اس عرض اور حاجت روا کر

بھی میرا کام پورا کر خدایا — سدا رکھہ میرے سر پر پیو کا سایا

کہتی تھی مدعا یون دلکا بارے — نین کی فوج ہین اچھلے فوارے

اجابت کی نشانی یہہ ہے کامل — کیا حق مدعا سب دل کا حاصل

حنف شہ کے اتھا دل پر یہہ سوز — عشق کی آگ تھی دل بیچ افروز

نیچے یک جھاڑ کے بیٹھے تھے سرور — جمع آئے محل ہین سب برادر

مگر یک بھائی جو پیچھے رہا تھا — مکان پر وہ ضرور تکو گیا تھا

یکایک تب نظر شہ کے چرن پر — پڑی اوسکی ہوا حیران سراسر

لرزتا تب گیا بھایون کنے او — کہا تب شیر نر دیکھا اوسے سو

کہا یک شیر نر آیا ہے ہم پر — ہمن سبکو وہ ماریگا کھند لکر

سنے بھایون نے اوسسے جب یہہ گفتار — کہے کچھ ہین نہین ہمت ہے زنہار

کہا تب ایک نے جاتا ہون اسکن — پکڑ کر اوسکو ہین لاتا ہون ممکن

چلا اس باغ ہین یون بولا تھکر — دکھا شہ کو رہا دل ہین اٹک کر

بغیر از حکم یہان آئے ہو کیونکر — تمن کو اب لیجاتا ہون جکڑ کر

کہے تم آؤ لیجاؤ شتابی — وگرنہ تو ہووےگی اب خرابی

مجلس سوم

میرا ہی نام روشن جگ میں جمہور — میرے ثانی نہ کوئی قوتمیں مشہور
دئے ہیں جواب اسکو شاہ آزاد — تیرا ہوں جگمیں میں آج اُستاد
پسر ہوں شاہِ مردان مرتضیٰ کا — نواسا ہوں محمد مصطفیٰ کا
دکھاؤ اپنا ہمکو اب تمھیں زور — کہ ہو تم شیر نر یا ہو کہ تم مور
کہا تب دور سے نیر یکایک وار — چکائے شاہ وُہ نعرہ بکو للکار
ہُوا آواز سنے سے وُہ بیہوش — گنوایا عقل اور وُہ اپنا ہوش
گرا وہ دُھول میں چپا زمین پر — ہوئے اسوار شہ چھاتی کے اوپر
کہا بخشو مجھے اب تم خدا کاج — ایسکے دین میں لاؤ مجھے آج
خدا حافظ تمھارا ہی اے سرور — محمد مصطفیٰ ابیشک پیمبر
بتان اور کفر ہیگا سب ہے باطل — رہے منکر تمن سے وہ ہے جاہل
کہا بھائیونکو چھوڑو کفر آخر — کرامت شاہ دیکھا ہوں ظاہر
مقابل کوئی میرے اس دو دھیر — نہ تھا قوت میں انسان کوئی دیگر
وے میں شہ کو دیکھا شیر تمثال — کیا قوت ہوا مجھ سر پہ جنجال
کہے سبنے خدا برحق پیمبر — کئے اقرار تب اسلام اوپر
پڑھے کلمہ کفر دل کا دئے چھوڑ — قبولے دین ہے ایمان دلجوڑ
نیران شہ نے کئے سبکی خلاصی — سو چھوڑے بند میں پائے تھے عاصی
ملے جب سب کے سب سارے برادر — چلے شاہ کو تب محل اندر

مجلس سوم

نظر آنے لگی وہ حور جنت ۔ کہ گویا صورتین سی رضوان رحمت
بزان تعظیم سون سرور کو اندر ۔ ملا نیکے بدل پاکیزہ خواہر
اٹھا زین العرب کون تب برادر ۔ لٹکتا پیچلا تھا وصل کے گھر
لے آیا بعد ازان اس گن بھری کو ۔ ملا یا چاند سے لا مشتری کو
مشاطہ شرع کا پردہ لئے ہات ۔ کئے درمیان اور کتیے رسومات
بٹھایا پاس سرور کے تخت پر ۔ کہا ہی بخت زہرے یہہ اختر
کہی خواہر نے دلمین لطف ربکا ۔ مجھے شوہر ملا عالی نسب کا
شرم سون تخت پر بیٹھی نوڑ کر ۔ ولے گرتی اٹھی دلسون قدم پر
مشاطہ ہاتھ لیکر پھول کے ہار ۔ لگی گانے کو جلوہ زود دلکار
بزان پردہ شرع کا اون کئے دور ۔ ملے دونون ہوا نور علی نور
خدا کا نام اور بھی مصطفی کا ۔ لئے اصحاب چارون باصفا کا
بزان زہرہ خدیجہ کو کیا یاد ۔ ہوا تب شاہ کا جلوہ مین دلشاد
دکھائے بعد ازان قرآن لاکر ۔ دکھا کے آئینہ دونونکو ملکر
پڑھے اخلاص اور جلوہ یکو دیکر ۔ ملا کے بعد ازان دو قرص حیدر
تصدق لاکے دونو پر زر و سیم ۔ کیا زین العرب اورشہ کو تسلیم
درود ان مصطفی پر بے نہایت ۔ پڑھے تب دل ستی شاہ ولایت
مٹھائی بعد ازان ڈالی دہن مین ۔ کہ گل اب عیش کے جیسا چمن مین

گیا تب تخت اوپر دیو سوتے
ہوئی بیدار لاگی بہت روتے
کیا تھا کس بلا میں لا گرفتار
دیکھو یا الٰہی گروہ جفا کار
وہاں کیا تھم دگر تھے مار ساکن
اٹھی گرمی وہاں دوزخ کی لیکن
رکھا کر قید کو دو میں ستمگار
اٹھا ظلمات کا کوہ میں اندھکار
رکھا تب تخت سے وہ پاؤ چھپا پاس
لیجایا تا لبن میں دود خناس

لگی رو رو کے کہنے یا الٰہی
بسر ہو آج کیسی یہہ تباہی
میرا احوال یہاں [illegible]
نہیں ہی کوئی مونس مجھکو ہمدم
کہی لاچار ہون تجھ ساتھ [illegible]
کہتی ہون تجھ ستی ای پاک جبار
مجھے جینا نہیں دنیا ست [illegible]
نہیں مجھکو ہے سوا مرگ کا ڈر

مجلس سوم

ہوتا حالیہ بھی اپنے مغرور | نگہ کرا وسکی قدرت دیکھ معذور
فلک نے شہ کو اول لا دیا آس | اٹھایا فرح سے زین العرب پاس
کہ شہ تھے نیند میں لیٹی فارغ البال | ولی زین العرب کے سر تھا جنجال
کہے کہاں سے یہہ آئی ہیں سوکن | کیئی غافل میرے سون منکا موہن
نہیں کوئی حال میرا اب سنہار | نہ کوئی بہائی میرا اسوقت غمخوار
اٹھائی ہون تو ہوتے ہیں نگران | نہیں تو ہاتھ سے جاتا ہے یہہ جان
ہے میرے سر آئیٹ کیسی کھڑی ہے | قضا مجھ سامنے آکر کھڑی ہے
بچالون کس بلا میں مجھ گرفتار | لیجا کرنے کھڑا ہی دیو دَوَّار
یہہ کیسی مجھ ستی ہووگی اب دور | تلک اتنے میں آیا دیو مغرور
